Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

MAHAR M.
MAZHAR KATHIA
Official Chanel
Youtube.com

اُردو آٹو گراف بُک

پروفیسر مناظر عاشق ہرگانوی

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

مہر آن لائن کمپوزنگ سنٹر چشتیاں سے بی ایس، ایم فل اور پی ایچ ڈی تھیسز صرف تین دن میں کمپوز کروائیں۔ ۲۴ گھنٹے سہولت

"کتاب خزانہ" کی دُنیا میں خوش آمدید۔

Mahar Online Public Library

خود بھی شمولیت اختیار کریں اور دوستوں سے لنک شئیر کریں۔

اپنے قیمتی ڈاکومنٹس مناسب ریٹس پر ہمیشہ کے لیے محفوظ کروائیں اور جب چاہیں واپس لیں۔

اپنے ریسرچ ٹاپک کے متعلق ریختہ ویب سے کتب ڈونلوڈ کروانے اور سابقہ تھیسز حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں۔

مہر محمد مظہر کاٹھیا (ایم اے اُردو)

کامیابی کے (۴) سال

اب آپ کو تھیسز کمپوزنگ کے لیے کہیں جانے کی ضرورت نہیں۔ گھر بیٹھے اپنا سنوپسز اور تھیسز پروفیشنل انداز میں کمپوز کروائیں۔ نیز مقالے کی کمپوزنگ مع پروف ریڈنگ کروانے کی سہولت۔

وٹس ایپ نمبر: 0303-761-96-93

تمام کتابیں ریختہ ویب سائٹ سے ڈون لوڈ کی جاتی ہیں۔ کسی بھی کتاب کو سکین یا پی ڈی ایف نہیں کیا جاتا۔ دستیاب کتب خریدنے کی عادت ڈالیں۔

اب تک وٹس ایپ گروپ کی تعداد پانچ، آیئے آپ بھی ہمارے وٹس ایپ گروپ "کتاب خزانہ" کا حصہ بنیں۔

Total PDF: 77000 are Available.

2021ء تک ممبران کی تعداد تقریباً: 1250

ریختہ ویب سائٹ سے کسی بھی کتاب کا پرنٹ حاصل کریں۔ ہوم ڈیلیوری فری

ایم فل اور پی ایچ ڈی تھیسز کے متعلق رہنمائی اور کمپوزنگ کے لیے رابطہ کریں۔

فیس بک، ٹیلی گرام "کتاب خزانہ" گروپ لنک سے تمام کتابیں ڈون لوڈ کریں:

www.facebook.com/groups/537746779706694

https://t.me/joinchat/YMfAj2G2OgA1OGVk

Mazhar03037619693@gmail.com

Twitter.com/@mazhar1kathia

سکالر حضرات اپنے موضوع سے متعلق بنیادی اور ثانوی کتب کے لیے آگاہ کریں۔ تلاش کرنے کی مکمل کوشش کی جائے گی۔

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

اردو آٹو گراف بُک

پروفیسر مناظر عاشق ہرگانوی

ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی

rekhta

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

© مناظر عاشق ہرگانوی

URDU AUTOGRAPH BOOK

by

Prof. Manazir Ashiq Harganvi
Kohsaar, Bhikanpur,3
Bhagalpur-812001 (Bihar)

Year of Edition 2015
ISBN 978-93-5073-589-3
₹ 150/-

نام کتاب : اردو آٹوگراف بک
ترتیب وتہذیب : پروفیسر مناظر عاشق ہرگانوی
سنِ اشاعت : ۲۰۱۵ء
قیمت : ۱۵۰ روپے
مطبع : روشان پرنٹرس، دہلی۔۶

Published by
EDUCATIONAL PUBLISHING HOUSE
3191,Vakil Street, Kucha Pandit, Lal Kuan, Delhi-6(INDIA)
Ph : 23216162, 23214465, Fax : 0091-11-23211540
E-mail: info@ephbooks.com,ephdelhi@yahoo.com
website: www.ephboekcom

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

فہرست

☆ **گفتنی**: پروفیسر مناظر عاشق ہرگانوی 07
○ آزاد گلاٹی (گڑگاؤں) 47
○ ابراہیم اشک (ممبئی) 47
○ ابوالکلام قاسمی (علی گڑھ) 48
○ احسان سہگل (ہالینڈ) 48
○ احمد سجاد (رانچی) 49
○ احمد فراز (پاکستان) 49
○ احمد کمال پروازی (اجین) 50
○ احمد یوسف (پٹنہ) 50
○ اختر الواسع (دہلی) 51
○ اسحاق ملک (حیدرآباد) 51
○ اشفاق احمد (کناڈا) 52
○ اصغر علی انجینئر (ممبئی) 52
○ اصغر ویلوری (چینئی) 53
○ اظہار اثر (دہلی) 53
○ اظہر نیر (دربھنگہ) 54
○ افتخار امام صدیقی (ممبئی) 54
○ اقبال مسعود (بھوپال) 55
○ امام اعظم (دربھنگہ) 55
○ امجد اسلام امجد (پاکستان) 56
○ انتظار حسین (پاکستان) 56
○ انجم رومانی (ممبئی) 57
○ انور شیخ (برطانیہ) 57
○ انیس دہلوی (دہلی) 58
○ ایم زیڈ خان (رانچی) 58
○ بشیر بدر (بھوپال) 59
○ بیگ احساس (حیدرآباد) 59
○ بلراج کومل (دہلی) 60
○ بی ایس جین جوہر (میرٹھ) 60
○ پرویز شہریار (دہلی) 61
○ پیغام آفاقی (دہلی) 61
○ ترغیب بلند (ڈنمارک) 62
○ ترنم ریاض (دہلی) 62
○ جگن ناتھ آزاد (جموں) 63
○ جمال اویسی (دربھنگہ) 63
○ جمیل منظر (کولکاتا) 64
○ جوگندر پال (دہلی) 64
○ جینت پرمار (احمدآباد) 65

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

- چندر بھان خیال (دہلی) 65
- حامدی کاشمیری (سری نگر) 66
- حسن رضا (مظفر پور) 66
- حسین الحق (گیا) 67
- حفیظ انجم کریم نگری (آندھرا پردیش) 67
- حقانی القاسمی (دہلی) 68
- حنیف ترین (عرعر، سعودی عرب) 68
- حنیف کیفی (دہلی) 69
- حیدر قریشی (جرمنی) 69
- خالد حسین خاں (میرٹھ) 70
- خالد محمود (دہلی) 70
- خاور نقیب (اڑیسہ) 71
- خلیل الرحمٰن اعظمی (علی گڑھ) 71
- خواجہ محمد اکرام الدین (دہلی) 72
- راج بہادر گوڑ (حیدرآباد) 72
- راشد انور راشد (علی گڑھ) 73
- رام لعل (لکھنؤ) 73
- رضوان احمد (پٹنہ) 74
- رفعت سروش (دہلی) 74
- رونق نعیم (رانی گنج، بنگال) 75
- ریحانہ محمد علی (رانچی) 75
- زیب غوری (کانپور) 76
- ساجدہ زیدی (علی گڑھ) 76
- ساحر شیوی (برطانیہ) 77
- ستیہ پال آنند (امریکہ) 77
- سرور عثمانی (رانچی) 78
- سردار جعفری (ممبئی) 78
- سلام بن رزاق (ممبئی) 79
- سلام سندیلوی (گورکھپور) 79
- سلیم شہزاد (مالیگاؤں) 80
- سوہن راہی (برطانیہ) 80
- سید احمد قادری (گیا) 81
- سیفی سرونجی (مدھیہ پردیش) 81
- شارب ردولوی (لکھنؤ) 82
- شارق جمال (ناگپور) 82
- شان بھارتی (بجوا۔ دھنباد) 83
- شاہد ماہلی (دہلی) 83
- شائستہ انجم نوری (پٹنہ) 84
- شفق (سہسرام) 84
- شفیقہ فرحت (بھوپال) 85
- شکیب ایاز (پٹنہ) 85
- شمس الرحمٰن فاروقی (الہ آباد) 86
- شمیم طارق (ممبئی) 86
- شمیم قاسمی (پٹنہ) 87
- شہپر رسول (دہلی) 87
- شہود عالم آفاقی (کولکاتا) 88
- شین کاف نظام (جودھ پور) 88
- صابر ارشاد عثمانی (برطانیہ) 89
- صابر گوالیاری (اندور) 89
- صادق (دہلی) 90
- صفیہ صدیقی (برطانیہ) 90
- صلاح الدین پرویز (دہلی) 91

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

- صلاح الدین نیر (حیدرآباد) 91
- ضیاءالرحمٰن غوثی (دہلی) 92
- عبدالاحد ساز (ممبئی) 92
- عبدالغفار عزم (برطانیہ) 93
- عبدالقوی ضیا (کناڈا) 93
- عبدالواسع (مظفرپور) 94
- عتیق اللہ (دہلی) 94
- عثمان انجم (وشاکھاپٹنم) 95
- عذرا پروین (لکھنؤ) 95
- عزیز اندوری (اندور) 96
- عزیز پریہار (لدھیانہ) 96
- عطا عابدی (پٹنہ) 97
- علقمہ شبلی (کولکاتا) 97
- علی احمد فاطمی (الہ آباد) 98
- علیم اللہ حالی (پٹنہ) 98
- عنبر بہرائچی (لکھنؤ) 99
- عین رشید (کولکاتا) 99
- غضنفر (دہلی) 100
- فاروق سید (ممبئی) 100
- فراز حامدی (جے پور) 101
- فراغ روہوی (کولکاتا) 101
- فرحت احساس (دہلی) 102
- ف س اعجاز (کولکاتا) 102
- فیاض احمد وجیہہ (دہلی) 103
- قاضی عبدالودود (پٹنہ) 103
- قاضی مشتاق احمد (پونہ) 104
- قتیل شفائی (پاکستان) 104
- قمر جمالی (حیدرآباد) 105
- قیصر شمیم (کولکاتا) 105
- کالی داس گپتا رضا (ممبئی) 106
- کرشن کمار طور (دھرم شالہ) 106
- کشور ناہید (پاکستان) 107
- کلیم ضیا (ممبئی) 107
- کمار پاشی (دہلی) 108
- کیول دھیر (لدھیانہ) 108
- گلزار جاوید (پاکستان) 109
- گلشن کھنہ (برطانیہ) 109
- گوپی چند نارنگ (دہلی) 110
- لطیف احمد سبحانی (اورنگ آباد) 110
- محمد مجتبیٰ خان (دہلی) 111
- محمد سبحان (دہلی) 111
- مجید بیدار (حیدرآباد) 112
- مجیر احمد آزاد (دربھنگہ) 112
- مجتبیٰ حسین (حیدرآباد) 113
- مجتبیٰ فہیم (حیدرآباد) 113
- محبوب راہی (اکولہ) 114
- محفوظ الحسن (گیا) 114
- محمد اسد اللہ (ناگپور) 115
- محمد امین الدین (ناگپور) 115
- محمد سالم (امریکہ) 116
- مخمور سعیدی (دہلی) 116
- مشتاق احمد نوری (پٹنہ) 117

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

○ مشرف عالم ذوقی (دہلی) 117
○ مصطفیٰ کمال پاشا (دہلی) 118
○ مظفر حنفی (دہلی) 118
○ مظہر امام (دہلی) 119
○ معین احسن جذبی (علی گڑھ) 119
○ ممتاز احمد خاں (حاجی پور) 119
○ منصور خوشتر (دربھنگہ) 120
○ منور پیر بھائی (پونہ) 120
○ منیر سیفی (پٹنہ) 121
○ نارنگ ساقی (دہلی) 121
○ ناصر عباس نیر (پاکستان) 122
○ نامی انصاری (کانپور) 122
○ نجیب رامش (ناگپور) 123
○ نذیر فتحپوری (پونہ) 123
○ نصرت ظہیر (دہلی) 124
○ نظام صدیقی (الہ آباد) 124
○ نقش لائلپوری (ممبئی) 125
○ نگار عظیم (دہلی) 125
○ نند کشور وکرم (دہلی) 126
○ نیر جہاں (امریکہ) 126
○ نینا جوگن (بھاگلپور) 127
○ وہاب اشرفی (پٹنہ) 127
○ ہرچرن چاولہ (ناروے) 128
○ ہیرانند سوز (گڑگاؤں) 128

☆☆

○ اوم کرشن راحت (آسٹریلیا) 129
○ حسن رضوی (پاکستان) 129
○ رفیق جعفر (پونہ) 130
○ عاصم شہنواز شبلی (کولکتہ) 130
○ عبدالمنان طرزی (دربھنگہ) 131
○ کلیم قیصر (غازی پور) 131

☆☆

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

گفتنی

آٹوگراف کو ہم "بیاض امضا" کہہ سکتے ہیں۔
اردو میں آٹوگراف بک نہیں ہے۔ اور نہ کسی نے قابلِ ذکر مضمون لکھا ہے۔
میں گذشتہ بہت سالوں سے مشاہیر ادب سے ملاقات کے دوران آٹوگراف لیتا رہا ہوں جس کی تعداد ڈھائی سو سے زیادہ ہے۔ سوچا، ایک تجربہ یہ بھی سہی! منتخب آٹوگراف کی یہ کتاب توجہ چاہتی ہے۔
نئے پرانے ناموں کے دستخط میں اور ان کی تحریر میں علم و حکمت ہے۔ طرزِ فکر سے آشنائی ہے۔ وجودی اہمیت کی روشنی ہے۔ جذبات کی دانشمندی ہے اور صداقت کی کسوٹی کی پرکھ ہے۔
انسائیکلوپیڈیا یا Wikipedia میں اس کی ابتدا کے بارے میں درج ہے:

An **autograph** (from the Greek: αὐτός, *autós*, "self" and γράφω, *gráphō*, "write") is a document transcribed entirely in the handwriting of its author, as opposed to a typeset document or one written by an amanuensis or a copyist; the meaning overlaps with that of the word holograph.

Autograph also refers to a famous person's artistic signature. This term is used in particular for the practice of collecting autographs of celebrities. The hobby of collecting autographs is known as **philography**.

What might be considered the oldest "autograph" is a Sumerian clay table from about 3100 BC which includes the name of the scribe Gar.Ama. No ancient written autographs have been found, and the earliest one known for a major historical figure is that of El Cid from 1098.

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

دو اہم دستخط درج ذیل ہیں:

(1)



John Hancock's singature on the United States Declaration of Independence.

(2)

Autograph of Martin Luther.

اردو میں سید نادم ستیاپوری کا آٹوگراف پر ایک مضمون میری نگاہ میں ہے۔ یہاں درج کرنا چاہتا ہوں تا کہ اردو میں اس کی اہمیت اجاگر ہو سکے اور گذشتہ سے پیوستہ کا سلسلہ برقرار رہے:

پہلے پہل جب میں نے آٹوگراف بک رکھنے کا ارادہ کیا تو میرا خیال تھا کہ بہت جلد میں ہندوستان کے مختلف طبقوں اور بہت سی جماعتوں، مشاہیر اور بلند پایہ ہستیوں کے خیالات، رائیں اور نظریئے فراہم کرنے میں کامیاب ہوسکوں گا۔ لیکن تھوڑے ہی دنوں بعد مجھے کافی اندازہ ہوگیا کہ ہندوستان کے مشاہیر پر مغربیت کا رنگ اس قدر غالب آچکا ہے کہ ان کے صحیح خیالات اور آزاد رائیں صرف دوحرفی دستخطوں میں پنہاں ہوکر رہ جاتی ہیں۔ یورپ میں ''آٹوگراف البم'' رکھنے کا رواج اس قدر زیادہ ہے کہ دراصل وہاں دستخط حاصل کر لینا بھی ایک بہت بڑا کام ہوتا ہے۔ مگر ہندوستان میں ابھی اس قسم کی دشواریاں نہیں ہیں۔

''آٹوگراف'' کے ابتدائی تخیل وتصور میں ممکن ہے کچھ ایسی حد بندیاں موجود ہوں کہ اس کی شان ''دستخطوں کا میوزیم'' بن کر رہ جائے۔ لیکن درحقیقت اس کا صحیح مصرف یہی ہے کہ عہد حاضر کی شخصیتوں کو تحریروں میں محفوظ کرلیا جائے۔ ان کے خیالات، ان کی رائیں، ان کے نظریئے سب یکجائی

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

طور پر محفوظ ہو جائیں۔ مگر میری کوششیں ابھی چند ہی قدم آگے بڑھی ہوں گی کہ ناکامیاں سنگ راہ بن گئیں۔ وہی دستخط وہی دستخط، مجبور ہو کر میں نے اس سلسلہ کو محدود کر دیا۔ اور اب بالکل بند۔ یہ سچ ہے کہ اس آٹوگراف میں جس نے بھی جو کچھ تحریر فرمایا ہے وہ انہیں خصوصیات کی بنا پر ہے۔ جو میرے اور ان کے درمیان موجود ہیں۔ اس کا معیار، اس کی تربیت، سب کچھ ایک ایسا خلوص ہے، جس کا اندازہ صرف میری نگاہوں سے کیا جا سکتا ہے۔ مشاہیر پر خلوص احباب۔ محترم بزرگ اور مجھے بھلا دینے والوں کی یہ زندہ جاوید تصویریں ہیں۔ جب بھی دیکھتا ہوں تو ان کی محبت بھری یادوں کو تڑپا دیتی ہے۔ میں نے قصداً ان افراد کو شامل نہیں کیا۔ جنہوں نے دستخط کر کے یا تو عذاب ٹال دیا یا جو کچھ لکھا بھی۔ اس میں بناوٹ اور دکھاوے کو دخل تھا۔

حضرت نیاز فتحپوری ہندوستان کے ایک مشہور ادیب اور نامور انشا پرداز ہیں۔ میرے آٹوگراف میں سب سے پہلی تحریر انہیں کا سرنامہ ہے جو میرے لئے ایک تبرک سے کم نہیں ہے:

جز سخن کفر مے و ایمانے کجاست
خود سخن در کفر و ایماں مے رود

جناب وصل بلگرامی مرحوم نہ محض میرے ایک مخلص بزرگ تھے بلکہ ان کا شمار گزرے ہوئے دور کے ان اہل کمال افراد میں ہے جن کو بھول جانے کے لئے بھی صدیاں درکار ہیں۔ ایک اچھے لکھنے والے ہی کی حیثیت سے نہیں بلکہ ایک کہنہ مشق شاعر، ایک بے مثال تاریخ گو اور اچھے نقاد کی حیثیت سے وہ ہمیشہ یاد آئیں گے "مرقع" کی پرانی فائلیں آج بھی ان کے ذوق سلیم کی یادگار ہیں۔ مرحوم نے میرے آٹوگراف پر واقف کا یہ شعر لکھا تھا:

آز مود ہمہ غمہائے جہاں را واقف
از غم دوری احباب تمر چیزے نیست

اودھ کی تاریخ اور روایتی حکایات کے بادشاہ خواجہ عبدالرؤف عشرت لکھنوی پچھلے دور کی انہیں شخصیتوں سے تعلق رکھتے تھے جن کا وجود ہم سب میں ایک متبرک شان رکھتا تھا۔ شاہان اودھ کے دور حکومت کی مٹی ہوئی کہانیاں جس خوش اسلوب انداز میں انہوں نے ہم کو سنائی ہیں ایسی مرقع کشی کوئی دوسرا نہ کر سکا۔ اردو ادب اور شاعری پر ایک صاحب فن استاد کی حیثیت سے انہوں نے کیا کچھ احسانات نہیں کئے۔ حضرت ریاض خیرآبادی مرحوم کے توسل سے رسمی تعارف کے بعد صرف ایک ہی مرتبہ حاضر ہو سکا۔ پھر وہ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ہم سے جدا ہو گئے۔ تاریخ اودھ کا ایک چھوٹا سا واقعہ آج بھی میرے آٹوگراف پر ان کا لکھا ہوا موجود ہے:

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

''میں نے تاریخ اودھ میں ایک ذکر راجہ تکیت رائے بہادر کے متعلق دیکھا تھا کہ جب نواب آصف الدولہ بہادر نے ان کو فیل سواری مرحمت فرمائی اور وہ سوار ہو کر نکلتے تو نہایت کم زور اور نحیف جثہ سے ایک شاعر نے ان کے متعلق کہا۔

چوں ہمزہ الاء۔ یک درپالکی نشست

یہ لطیفہ ان کی حالت کو دیکھتے ہوئے لطف سے خالی نہیں۔ لسان قوم حضرت صفی لکھنوی ہندوستان کے ایک مشہور شاعر اور قادر الکلام استاد ہیں۔ موصوف نے میری استدعا پر اپنا یہ شعر تحریر فرمادیا:

زہرے زہر صفی آب حیات زندگی بڑھ کے مصیبت ہوگی

محترمی سید آل رضا صاحب رضا لکھنوی آج کل کے ان ممتاز شعرا میں ہیں جو شہرت اور پروپگنڈے سے بہت دور رہ کر اردو ادب اور زبان کے لئے آج بھی بہت کچھ کر رہے ہیں۔ موصوف نے اپنا یہ شعر عنایت فرمایا ہے:

رضا کتنی حسیں اور مختصر شرح محبت ہے
نہ راس آئے تو دوزخ ہے جو راس آئے تو جنت ہے

اودھ کی ممتاز خواتین میں محترمہ کنیز فاطمہ حیا کسی تعریف وتعارف کی محتاج نہیں ہیں۔ آپ کی آتش افروز نظمیں اور بلند پایہ غزلیں ہر شخص کی نظر سے گزری ہوں گی۔

آپ کا یہ شعر میرے آٹوگراف کی زینت ہے:

پھول کھلے چلی نسیم دل نہیں اختیار میں
پھر مری داستان غم تازہ ہوئی بہار میں

شفیق محترم پروفیسر سید مسعود حسن ادیب لکھنؤ یونیورسٹی نہ صرف اردو کے ایک محسن ہیں بلکہ آپ کی نقادی اور علمی قابلیت صوبہ بھر میں ایک مثال رکھتی ہے۔ تحریر فرماتے ہیں۔ جو دوسروں کی خوشی سے خوش نہیں ہوتا وہ کبھی خوش نہیں رہ سکتا۔

شیر پنجاب مولانا ظفر علی خاں بی اے (زمیندار لاہور) نے گو آج مجھے بالکل بھلا دیا ہے لیکن ان کی یاد اب بھی میرے دل کو بے چین کر دیتی ہے جب میں آٹوگراف میں ان کی یہ تحریر پڑھتا ہوں:

''تو نے زمین والوں کے احکام سن لئے اب آسمان کے فیصلے کا انتظار کر۔''

محتشم شوکت تھانوی ملک کے مشہور مزاح نگار اور پختہ کار ادیب ہیں۔ درجن بھر سے زائد کتابوں کے مصنف اور فی الحال یوپی کے سانگ پبلسٹی آفیسر۔ آپ نے بلا کسی معاوضے کے تحریر فرمایا ہے''کاش میں مہاتما گاندھی ہوتا۔ برہنگی یا جیل جانے کے لئے نہیں بلکہ اس لئے کہ نمونہ تحریر کی اجرت

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

مل جاتی۔ یا کم سے کم منشی شمس الدین مرحوم ہوتا کہ میری تحریر پڑھنے والوں کے لئے نور نگاہ ثابت ہوتی۔ مگر افسوس کہ نہ میں وہ ہوں نہ یہ، بلکہ محض شوکت تھانوی۔

برادر معظم سید اخلاق حسین صاحب بی جے آکسن بار ایٹ لا (لکھنؤ) صاحب ذوق اور بلند مذاق رکھنے والے بزرگ ہیں۔ آپ نے مرزا صاحب کے اس شعر سے مجھے نوازا:

کہ گزشت است ازیں بادیہ صائب امروز
نبفس جادہ طپد و سینہ صحرا گرم است

رسالہ الناظر (مرحوم) لکھنؤ کے مدیر محترم مولانا ظفر الملک علوی کا احترام میرے دل میں بحیثیت ایک ادیب ہونے کے زیادہ ہے۔ کاش وہ لیڈر نہ ہوتے۔ آپ نے غالب کا یہ شعر مرحمت فرمایا ہے:

کشتی بے ناخدائم سرگزشت من پرس
از شکت خویش بر دریا کنارا افتادہ ام

برادرم سید مرتضیٰ حسین رضوی ایم اے پروفیسر آئی ٹی کالج لکھنؤ نہایت بے لوث اور خاموش ادیب ہیں۔ یہاں تک کہ ان کی وعدہ فرمائیاں بسا اوقات تکلیف دہ طور پر گراں ثابت ہو جاتی ہیں اور وعدہ تو ان کے نزدیک وہ وعدہ نہیں جو وفا ہو گیا۔ بلا تخلص کے شاعر بھی ہیں۔ چنانچہ اپنا ہی ایک شعر لکھا ہے:

حسن ادراک نہیں پرتو نادانی ہے ڈھونڈھتا ہے جسے وہ دل میں ترے رہتا ہے

عالی جناب مہاراج کمار محمد امیر حیدر خاں صاحب آف محمود آباد اسٹیٹ نہایت بلند علمی مذاق رکھنے والے اور وسیع النظر نوجوان ہیں۔ اپنی بے انتہا مصروفیت اور عدیم الفرصتی کے باوجود آپ نے میری درخواست پر میرے آٹو گراف کی عزت و توقیر میں اضافہ فرمایا ہے:

Behind is life and its longing
its grief sufferinged its sorrow,
Beyond is the eternal Morning,
of a day without a tomorrow
(E.Abbot)

پیچھے ہے میرے قافلہ حسرت کی عمر
آگے مرے وہ شب کہ سحر جس کی نہیں ہے
بیسود ہے اندازہ، مستقبل ہستی
ہوتا ہے وہی ہم کو خبر جس کی نہیں ہے

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

جنوبی ہند کے قادر الکلام شاعر سید سکندر علی وجد حیدر آبادی دور حاضر کے ان خوش فکر نو جوان شعراء میں ہیں جن کا کلام جذب و آخر میں ہندوستان کے ان بہتر سے پیشہ ور شاعروں سے اعلیٰ و افضل ہے جو مشاعروں کی بدولت مشہور ہو چکے ہیں۔ آپ نے اقبال کا ایک شعر تحریر فرمایا ہے:

مصاف زندگی میں صورت فولاد پیدا کر
شبستان محبت میں حریر و پرنیاں ہو جا

جناب محترم چودھری محمد علی صاحب (تعلقدار ردولی) نہایت کہنہ مشق لکھنے والے ہیں۔ اس دور کے لکھنے والوں میں آپ ہی وہ ممتاز حیثیت رکھتے ہیں جن کو ہر طبقے اور خیال کی ہم آہنگی حاصل ہے۔ گزرے ہوئے دور کے لوگ آپ کی تحریر اپنے لئے کشش آگیں سمجھتے ہیں اور ترقی پسند مصنفین آپ کو امام فن مانتے ہیں۔ ازراہ شفقت بزرگانہ آپ نے ذیل کی حدیث نقل فرمائی ہے:

"المومن لا یکون محتشماً ولا مفتتماً"

سید جمال رضوی (اگزیکیٹو آفیسر میونسپل بورڈ سیتاپور) "ایام رہلبیت" میں لکھتے بھی تھے اور اچھا۔ مگر اب تو "اس عاشقی میں عزت سادات بھی گئی۔" یعنی جب سے دنیا کے جھمیلوں میں پڑ گئے۔ بس کچھ نہ پوچھئے' وائلڈ کا نظریہ لکھا ہے:

"میں زاہدان خشک سے نفرت کرتا ہوں
وہ آئینہ ایک غلط ماضی کے
میں گنہگاروں سے الفت کرتا ہوں
وہ مالک ہیں ایک درخشاں مستقبل کے

برادر محترم سید اشفاق حسین صاحب ایجوکیشن آفیسر (شملہ) ہندوستان کے ایک بہت بڑے ماہر تعلیم ہیں۔ ممدوح نے میرے آٹوگراف پر تحریر فرمایا ہے:

"کون کہہ سکتا ہے کہ ہمارا نظام تعلیم عمل جراحی کا محتاج نہیں ہے۔"

اس سے بڑھ کر کیا افسوس کی بات ہو سکتی ہے کہ اپنے خیالات کو الفاظ میں کرنے کے لئے کسی غیر زبان کی مدد لینا پڑے۔

حضرت مولانا عبدالماجد صاحب دریابادی کے چھوٹے بھائی جناب عبدالمجید صاحب دریا آبادی (ڈپٹی کلکٹر) میرے محترم کرم فرما ہیں۔ آپ نے میرے آٹوگراف پر یہ شعر لکھا:

دیکھنا بھی تو اسے دور سے دیکھا کرنا
شیوہ عشق نہیں حسن کو رسوا کرنا

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

حبیبی سید اعظم حسین اعظم ایڈیٹر روز نامہ ''سرفراز'' لکھنؤ نے ہندوستان کی سیاست میں مسلمانوں کی اہمیت پر ایک خیال ظاہر کیا ہے۔

ہندوستانی نیشنلسٹ کے لئے سب سے اہم سوال ''مسلمان'' ہے۔ اگر یہ سوال حل ہو گیا تو ہندوستان بہت جلد حکومت خود اختیاری حاصل کر لے گا۔ ورنہ پیچیدگیاں بڑھیں گی۔ سچے نیشنلسٹ کو چاہئے کہ وہ مسلمانوں کو تسخیر کرنے کی کوشش کرے اور سچے مسلمان پر لازم ہے کہ وہ اپنے وطن کے ساتھ غداری نہ کرے۔ معظمی مولانا اشہر لکھنوی ایم اے پروفیسر انٹر کالج جھانسی بہت پرانے لکھنے والے اور میرے محترم بزرگ ہیں۔ ادبی مشاغل اب بہت کم ہو گئے ہیں۔ صرف آموں کی فصل میں بندیل کھنڈ سے آم کھانے کے لئے تشریف لے آتے ہیں اودھ۔ آپ نے تحریر فرمایا ہے:

''غم خوشی کو دبائے یا خوشی غم کو بھلا دے۔ انسان کبھی جادہ استقلال نہ چھوڑے''۔

محترمہ ہما اخلاق حسین صاحب نے سعدی شیرازی کا ایک شعر تحریر فرمایا ہے:

نیاز مندی یاراں ندارد سودے
مگر عمل کہ ترا بار یار خواہد بود

برادرم جناب امین سلونوی اودھ کی مشہور خبر رساں ایجنسی ''انڈپنڈنٹ نیوز سروس'' کے ایڈیٹر اور میرے شفیق محترم! اب بھی جب کبھی ٹائپ رائٹرز کی بے ہنگم آوازوں سے گھبرا کر سچ مچ کچھ لکھنے بیٹھ جاتے ہیں تو خوب لکھتے ہیں۔ آپ نے اپنی رائے کا اظہار ان الفاظ میں فرمایا ہے۔

''دنیا میں ایک انسان دوسرے انسان سے کیا کیا توقعات رکھتا ہے۔ بعض وقت اس چیز کا اندازہ کرنا بھی مشکل ہوتا ہے لیکن موت کے آہنی پنجے بڑی آسانی سے ان توقعات کو ختم کر کے مشکلات سے انسان کو آزاد کر دیتے ہیں۔ اگر اسی زندگی پر انسان مسرور ہوتا ہے تو اس کو اختیار ہے ورنہ اسے غور کرنا چاہئے کہ دنیا کیا ہے؟ اور اس میں انسان کی حیثیت کیا ہے۔ میری ذاتی رائے صرف یہ ہے:

وہ زندگی کہ جس سے کسی کو خوشی نہیں
نام اس کا زندگی ہے مگر زندگی نہیں''

خواجہ اسد اللہ اسد یوپی کے ایک کہنہ مشق اور تجربہ کار جرنلسٹ کی حیثیت سے کافی مشہور ہیں۔ آپ کی تحریروں میں کافی زور اور اسپرٹ پائی جاتی ہے۔ ہندوستان میں اتنے بے لاگ اور بے جھجک لکھنے والے بہت کم ہیں۔ خصوصاً اردو صحافت میں کاش خواجہ صاحب ایک مخصوص طبقہ کے ترجمان بن کر نہ رہ جاتے۔ آپ نے اپنا جو شعر لکھا ہے وہ یہ ہے:

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

میں اس کی نا خوشی کے غم سے اندازہ لگاتا ہوں
کہ وہ مجھ سے جو خوش ہوتا تو کیا ہوتی خوشی میری

جناب محترم خاں بہادر نواب جعفر علی خاں اثر لکھنوی محض ایک مسلم الثبوت شاعر بلکہ بحیثیت ایک ادیب کے بھی آپ کی ہستی ہر طرح واجب التعظیم ہے۔ آپ نے ایک مخلص بزرگ کی حیثیت سے اپنا یہ شعر تحریر فرما کر میری عزت افزائی فرمائی:

کون کہتا ہے کہ موت انجام ہونا چاہئے
زندگی کا زندگی پیغام ہونا چاہئے

سید عباس رضا صاحب (منصف) نے ذوق شعر تحریر فرمایا ہے:

بگڑے انداز زمانے کے بدل جانے دے
یا مجھے اپنی خدائی سے نکل جانے دے

خال المعظم حضرت وصی سیتا پوری مرحوم ایک خوش فکر اور نہایت فن استاد تھے۔ شہرت و ناموری سے بہت دور داد و تحسین سے مستغنی آپ نے اپنی ایک رباعی تحریر فرمائی:

الٹی مری سانس چل رہی ہے دنیا کی ہوا بدل رہی ہے
اس ناؤ میں سو رہا ہے غافل جو بحر فنا میں چل رہی ہے

وہ انسان جو شاعر سے سب انسپکٹر پولیس ہوسکتا ہے ظاہر ہے کہ آئندہ اس سے کسی قسم کی توقعات رکھنا عبث ہیں۔ نذر بریلوی بی۔ اے میرے انہیں دوستوں میں ہیں جن کی یاد اب بھی اس شعر کو دیکھ کر امنڈ آتی ہے:

ہر اک کو شغل دامان و گریبان ہو نہیں سکتا
مرا ایماں زمانے بھر کا ایماں ہو نہیں سکتا

مسٹر محمد محمود بار ایٹ لا (ایم اے) پٹنہ ایک سخن سنج شخصیت رکھتے ہیں، آپ نے لکھا ہے:

خزاں در پے عدو صیاد دشمن باغباں اپنا
خدا رکھے تو رہ جائے چمن میں آشیاں اپنا

عزیزم محمد حیدر اسد سیتا پوری ایک خوش فکر نوجوان ہیں جنہوں نے موجودہ حالات پر یہ شعر لکھا ہے:

مشرق کی نگاہوں سے دیکھا جو سوئے مغرب
تہذیب کی اک خونیں تصویر نظر آئی

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

جذبہ، احساس، موڈ اور تاثر کی دفاع لخت لخت ہوتی ہے۔ میں نے جن فنکاروں کے آٹوگراف کے ذریعے ایک الگ دنیا آباد کی ہے اس میں سنجیدگی اور تفکر ہے اور اظہار اور ذاتی تسکین کی ادبی تکنیک ہے۔ بھی مشاہیر ادب اپنا وقار اور اپنی تمکنت رکھتے ہیں۔

آزاد گلاٹی

جدید لب و لہجے کے شاعر تھے۔ ان سے میری پہلی ملاقات دہلی میں ہوئی تھی۔ ان کی فنی و شعری محاسن کا محاکمہ ہوتا رہا ہے۔

ابراہیم اشک

شاعر اور نثر نگار دونوں ہیں، شاعری کی مختلف اصناف میں طبع آزمائی کی ہے۔ نثر میں زیادہ تر افسانے لکھے ہیں۔ ممبئی کی فلمی دنیا سے وابستہ ہیں۔ ان سے میری ملاقات اندور میں ہوئی تھی۔

ابوالکلام قاسمی

مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ میں اردو کے پروفیسر ہیں۔ ناقد اور شاعر ہیں۔ انہیں ساہتیہ اکیڈمی ایوارڈ مل چکا ہے۔ دہلی۔ پٹنہ اور کولکاتا میں ان سے کئی بار ملاقات ہوئی ہے۔

احسان سہگل

تنوع پسند شاعر ہیں کئی مجموعے شائع ہو چکے ہیں۔ ہالینڈ میں رہتے ہیں۔ میری ملاقات ایک انٹرنیشنل سیمینار، لندن میں ہوئی تھی۔

احمد سجاد

ناقد اور محقق ہیں۔ اسلامی ادب اور مسائلی ادب کے فروغ میں ان کی بڑی خدمات ہیں۔ ڈیڑھ درجن سے زیادہ کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔ بے حد فعال شخصیت کے مالک ہیں۔ پروفیسر اور صدر شعبہ رہے۔ لیکن جب بھی ملے اپنائیت کا احساس ضرور دلایا۔

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

احمد فراز

تجربہ، مشاہدہ، مطالعہ اور سوچ کے شاعر تھے۔ جمالیات اور سماجی مسائل کی گنگا جمنی ان کی شاعری میں ملتی ہے۔ میری ان سے تفصیلی ملاقات دربھنگہ میں ہوئی تھی۔

احمد کمال پروازی

حسن کی جاذبیت کے شاعر ہیں۔ ان سے اندور میں ملاقات ہوئی تھی۔

اختر الواسع

جتنے ذی علم ہیں اتنے ہی منکسر المزاج ہیں۔ یہ قوم کے درد میں مبتلا رہتے ہیں اور اردو کے لئے جیتے ہیں۔ یہ اپنی کتابوں سے پہچان کی اہمیت، افادیت اور بقا کا درس دیتے ہیں۔ اور بزمِ جہاں کا اور ہی انداز ہے، کا احساس دلاتے ہیں۔ دہلی میں جب بھی ملاقات ہوئی خاکساری کی تفہیم کے ساتھ ملے۔

احمد یوسف

انہوں نے کائنات کی اصولی ظاہریت کو اظہار کا ذریعہ بنایا ہے۔ ان سے پٹنہ میں بہت بار ملاقات ہوئی تھی۔

اِسحاق ملک

ان سے حیدرآباد میں ملاقات ہوئی تو اپنی شاعری کی سچائی کی طرح زمانے کی تبدیلی اور حالات کی کروٹوں کا ذکر کرتے ہوئے ملے۔

اشفاق احمد

اشفاق احمد سے ناگپور میں ملاقات ہوئی تھی افسانہ اور افسانچہ لکھتے وقت۔ موضوع کا تجزیہ نتائجی Pragmatic اور سائنسی تناظر میں کرتے ہیں۔

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

اصغر علی انجینئرؔ

مارکسی ناقد تھے، سماجی کارکن تھے اور زندگی اور سماج کے تلخ و شیریں کو بلا جھجک بیان کرنے والے قلم کار تھے۔ ان سے میری ملاقات کئی جگہ اور کئی بار کی تھی۔ وہ میرے غریب خانے پر بھی تشریف لا چکے تھے۔

اصغر ویلوری

ان سے میری ملاقات مدراس، دہلی اور کلکتہ میں ہوئی ہے۔ رباعی گو کی حیثیت سے انہوں نے اپنی پہچان بنائی ہے۔ مدراس اب چینئی ہے اور کلکتہ اب کولکاتا کی حیثیت سے جانا جاتا ہے۔

اظہار اثر

افسانہ نگار، جاسوسی ناول نگار اور سائنسی فکر کی شاعری کرنے والے شاعر تھے۔ انہوں نے بہت لکھا۔ لکھنا ہی معاش کا ذریعہ تھا۔ دہلی میں ملاقات ہوئی تو جذبات انگیز دھیمی مسکراہٹ کے ساتھ فرضی نام سے ہندی میں لکھنے کی وجہ بتائی۔

اظہر نیر

دربھنگہ میں ملے تو اپنی تحریر کی طرح خوشبو پھیلا کر بہت کچھ کہہ گئے کیونکہ تمہید سے جزئیات پر روشنی پڑتی ہے۔

افتخار امام صدیقی

''شاعر'' جیسے ادبی رسالے کے مدیر ہیں۔ خود شاعر ہیں اور افسانچہ نگار بھی ہیں۔ محبت کا منبع ہیں۔ میرے گھر پر تشریف لا چکے ہیں۔

اقبال مسعود

جگ جیتی اور من بیتی پر عمل کرتے ہیں۔ ان سے لکھنؤ یا ناگپور میں ملاقات ہوئی ہے۔ فی الوقت یاد نہیں آرہا ہے۔

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

امام اعظم

صحافی، ناقد اور شاعر ہیں، قومی اقدار کی ترجمانی کرتے ہیں اور رومانی انداز کو نرم و نازک بدن بناتے ہیں۔درجنوں بار کی ملاقات ہے۔

امجد اسلام امجد

روایت اور جدت کے علمبردار ہیں۔ان کی شاعری میں جذبات انگیز ظاہری انجان پن، دبی دبی گفتگو، معصومانہ انداز اور دلفریب جاذبیت ہے۔دہلی کے ایک سیمینار میں ہم ملے تھے۔

انتظار حسین

اردو فکشن کی آبرو ہیں، ان کے یہاں تخلیقی قوت کی آگہی ہے اور لسانی تشکیل کے تخلیقیت بھرے برگ و بار ہیں۔ساہتیہ اکیڈمی دہلی کے سیمینار میں ان سے تین روز تک یادگار ملاقاتیں رہیں۔

انجم رومانی

ان کی قادر الکلامی ناگپور میں دیکھنے کو ملی جب ہم کسی شعری نکتہ آفرینی پر گرما گرم بحث کر رہے تھے۔عروضی جذبات کا لبریز پیمانہ چھلک چھلک جانے کو بیتاب نظر آیا۔

انور شیخ

اختراعی ذہن کے مالک تھے۔افسانے میں الگ رنگ تھا اور شاعری میں کئی نئی اصناف کے موجد تھے۔صحافی بھی تھے۔احساس کو نغمہ بار بنانے کا ہنر انہیں آتا تھا۔علامہ اقبال کی شاعری کی آفاقیت کو مانتے تھے لیکن ان کی شخصیت کو متنازعہ سمجھتے تھے۔لندن میں آکسفورڈ روڈ کے ایک پانچ ستارہ ہوٹل میں ہم دو دن تک ادبی موضوعات، علامہ اقبال اور رو قادیانیت پر باتیں کرتے رہے تھے۔کبھی کمرے میں، کبھی آکسفورڈ روڈ کے فٹ پاتھ پر ٹہلتے ہوئے۔

انیس دہلوی

شاعر اور صحافی تھے، شاعری کو وہ زندگی کا آرٹ سمجھتے تھے اور صحافت ان کے لئے جینے کا سہارا تھا۔دونوں میں انہیں ناموری ملی۔محبت کے فنکار تھے۔کئی ملاقاتیں الگ الگ شہروں میں رہیں۔

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

لیکن اپنے گھر پر دہلی میں جتنا عمدہ کھانا کھلایا تھا اس کا ذائقہ آج تک محسوس کر رہا ہوں۔

اوم کرشن راحت

آسٹریلیا میں رہتے ہیں۔ دہلی میں گھنٹوں ملاقات کے دوران انہوں نے جانکاری بھری باتیں بتائیں۔ اپنی شاعری کے متنوع موضوعات کی طرح۔ ان کی شاعری دل ودماغ پر دیرپا اثر کرتی ہے۔

ایم زیڈ خان

افسانے اور تنقید لکھتے ہیں اور اردو کے کاز کے لئے جیتے ہیں۔ اہل نظر سے خود بھی استفادہ کرتے ہیں اور دوسروں کو بھی روشناس کرنے اور مستفید ہونے کی سبیل نکالتے رہتے ہیں۔

بشیر بدر

تازہ کار شاعر ہیں، نئی معنویت، ندرت، تازگی اور جامعیت کی وجہ سے اور شعر الگ انداز میں پڑھنے کی وجہ سے انہیں خوب شہرت ملی، ہم کئی جگہ ملے۔ ایک آل انڈیا مشاعرہ میں اسٹیج پر ہم دونوں اغل بغل تھے تب انہیں آب لذت آگیں سے ''شفا'' پاتے ہوئے الگ انداز سے دیکھا۔ یہ انفرادیت دوسری جگہ نظر نہیں آئی۔

بیگ احساس

ناقد ہیں اور افسانے لکھتے ہیں۔ دہلی میں ملاقات ہوئی تو مجسم وضاحت اور صراحت نظر آئے۔

بلراج کومل

شاعری میں نیا مکالمہ کرنے کا ہنر جانتے ہیں۔ ان کی علمی استعداد، سوچنے اور برتنے کا انداز اور فنی رویہ متاثر ضرور کرتا ہے۔ دہلی میں ان کے گھر پر ملاقات ہوئی تو علم وفن والے ہی نظر آئے۔

بی ایس جین جوہر

پرانی قدروں کے امین ہیں۔ حُسنِ زبان و بیان میں مقفیٰ اور مسجع ہیں بلکہ شاعری کی ایک مضبوط پہچان ہیں۔ میرٹھ میں اور دہلی میں بھی ان سے کئی بار ملاقاتیں رہی ہیں۔

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

پرویز شہریار

اپنی شخصیت کی طرح معنویت سے بھرپور شاعری کرتے ہیں۔ ساخت اور تضاد ان کی شاعری کی شناخت ہے۔ ساتھ ہی Semantic کو Meaning of Meaning سے متصف کرتے ہیں۔ دہلی میں کئی بار ملاقات ہوئی ہے۔ دربھنگہ میں بھی ہم ملے ہیں۔

پیغام آفاقی

زندگی کی سماجی حقیقت کے اظہار میں تجسس کو بنیادی عنصر مانتے ہیں۔ وہ اس کا بھی خیال رکھتے ہیں کہ قاری اپنے لمحات ان کے افسانے اور ناول سے متعلق سوچنے پر وقف کردے۔ دہلی میں ملاقات کے دوران وہ عرفانیت بخش نظر آئے۔

ترغیب بلند

ڈنمارک میں رہتے ہیں۔ شاعر ہیں، تذکرہ نگار ہیں اور صحافی ہیں۔ لندن میں ملاقات ہوئی تو دو ایک جگہ وہ گائڈ بن گئے اور گفتگو ایسی کی کہ دانش سے لبریز نظر آئے۔

ترنم ریاض

افسانہ اور شاعری کو حسین بنانے کا ہنر جانتی ہیں۔ ترسیل وابلاغ سے وابستگی کی وجہ سے الفاظ کی جادوگری ان کے قبضے میں رہتی ہے۔ دہلی میں کئی بار ہم ملے ہیں۔

جگن ناتھ آزاد

سری نگر، لکھنؤ اور دہلی وغیرہ جگہوں میں ہم ملتے رہے ہیں۔ شاعر اور تنقید نگار کی حیثیت سے یہ اپنا مقام رکھتے ہیں۔ ماہر اقبالیات بھی مانے جاتے ہیں۔ دوست نواز شخصیت کے مالک تھے۔

جمال اویسی

شاعری اور تنقید میں واضح اور معین بات کہتے ہیں اور کسی نہ کسی لچکدار وسعت کو نمائندگی بخشتے

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

ہیں۔دربھنگہ میں خصوصیت سے ملاقات اشکال کی نوعیت رکھتی ہے۔

جمیل منظر

صحافی ہیں اور الگ پہچان رکھتے ہیں۔خود کو کئی حصے میں انہوں نے بانٹ رکھا ہے اور ہر حصہ بنیادی تقاضے کا الگ معنی رکھتا ہے۔گیا سے کولکاتا تک ملاقات میں وہ گنجینۂ درس وعلم نظر آئے۔

جوگندر پال

اردو ناول، افسانہ اور افسانچہ میں بلند قد شخصیت کے مالک ہیں، وہ ایسے چھتنار درخت ہیں جو باغ اردو کو معطر اور تروتازہ رکھنے میں مصروف ہیں۔اور وہ روشنی کے ایسے سفیر ہیں جس کی لو سے چراغ روشن ہوتے ہیں۔یہ ان کی ملنساری ہے کہ میرے گھر پر آئے اور یہ ان کا خلوص ہے کہ میرا ان کے گھر پر کئی بار جانا ہوا ہے۔

جینت پرمار

انہوں نے دلت شاعر اور مترجم کی حیثیت سے اپنی شناخت بنائی ہے۔دہلی میں ملاقات ہوئی تو ذہنی انسلاکات کے اظہار کے لئے ہمارے پاس اپنا اسلوب تھا۔

چندر بھان خیال

واقعات وروایات کی مدد سے اپنے توصیفی اور مدحیہ انداز کو تقویت پہنچاتے ہیں۔وہ موجود کے احساس جمالیات سے فکر وشعور کو تابندگی عطا کرتے ہیں۔اور خیال بندی میں تشبیہات واستعارات کا برمحل اور خوبصورت استعمال کرتے ہیں۔ان سے دہلی میں ملاقات ہوئی تو اقدار واظہار کے روشن نئے جذبے ساتھ تھے۔

حامدی کاشمیری

ان سے سری نگر میں کئی بار ملاقات ہوئی۔انہوں نے اپنے گھر پر بھی کام و دہن کی لذت بخشی۔وہ کبھی افسانہ نگار تھے، پھر شاعر اور ناقد بنے۔سوز دروں کی آنچ سے لفظوں کی رنگ آمیزی کرتے ہیں اور گہرائی وسعت اور تیکھے پن سے تہہ داری کو سامنے لاتے ہیں۔

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

حسن رضا

ناقد اور صحافی ہیں۔ معنیاتی دائروں کو اخلاقی تحفظات عطا کرتے ہیں اور رزمیہ اور بزمیہ تصویر گری سے تاثیر پیدا کرتے ہیں۔ مظفر پور میں ہم ملے تو لہجے کا رچاؤ پردۂ سخن سے باہر آ کر ذات کی روحانی کشمکش کا اظہار بنا۔

حسن رضوی

باتوں کی ترجمانی خوب سے خوب تر پیرایۂ اظہار میں کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، ان کی شاعری میں دیوداسیوں کے مکالمات ملتے ہیں۔ لندن میں ملاقات ہوئی تو شاعری کی طرح چہرہ جانا پہچانا لگا۔ مشاعرے کی صدارت میں نے کی اور نظامت وہ کر رہے تھے۔

حسین الحق

ان سے بہت بار کی ملاقات ہے۔ افسانہ اور ناول میں اساطیر کے انہماک کی وجہ سے روایت کا دامن نہیں چھوٹتا۔ مزاج صوفیانہ ضرور ہے لیکن تحریر میں رنگارنگی ہے۔

حفیظ انجم کریم نگری

نظم اور غزل میں پیرایۂ اظہار کی آکسیجن سے احساس کی کاریگری کرتے ہیں۔ حیدرآباد، وشاکھا پٹنم اور علی گڑھ میں جب بھی ملاقات ہوئی تہہ دار نظر آئے۔ حالانکہ ظاہری طور پر سیدھے سادے ہیں۔

حقانی القاسمی

غنچہ وگل سے آراستہ و پیراستہ ہونے کی وجہ سے اپنی ذات میں اور اپنی تحریر میں بے پناہ کشش رکھتے ہیں۔ ان سے جب بھی ملاقات ہوئی کاملیت میں مصروف اور کوشاں نظر آئے۔ ساتھ ہی حقیقت کی تلاش میں عہد وفا سے لبریز دکھائی دیئے۔ اپنی تنقید نگاری اور دیگر نثری کاوش کی طرح۔

حنیف ترین

ان سے پہلی ملاقات سری نگر میں ہوئی تھی تب وہ ایم بی بی ایس کے طالب علم تھے۔ پھر کئی

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

ملاقاتیں دہلی میں ہوئیں۔ شاعری میں معاشرتی استدلال کو نفسیاتی انداز میں پیش کرتے ہیں اور کائنات کے درد کو صورت عطا کرتے ہیں۔

حنیف کیفی

دہلی میں ملے تو تحقیق اور تنقید کی طرح فلسفیانہ سنجیدگی کی مثال نظر آئے۔

حیدر قریشی

اردو میں صحیح وزن کے ماہیا کے علمبردار ہیں، شاعر کے ساتھ افسانہ نگار اور صحافی بھی ہیں، لندن میں ملاقات ہوئی تو زندگی کے نصب العین کی آگ تپش دے رہی تھی۔

خالد حسین خاں

میرٹھ، دہلی اور بھاگلپور میں (میرے گھر پر) ملاقاتیں رہی ہیں۔ اپنی تنقید میں گلابی اردو کو نبھاتے ہیں اور بے ساختگی کی کیف و سرور بھری وادیوں میں لئے لئے پھرتے ہیں۔ یہ ان کا اپنا منفرد انداز ہے۔

خالد محمود

شاعر ہیں، صحافی ہیں اور ٹیگور شناس ہیں۔ جاذبیت کے کاجل سے الفاظ کی مشاطگی کرتے ہیں۔ دہلی میں ملاقات ہوئی تو قدر و قیمت کا جواز پہچان بنی۔

خاور نقیب

نثر و نظم کی کئی اصناف میں طبع آزمائی کرتے ہیں۔ صحافی بھی ہیں۔ ہماری ملاقات وشاکھاپٹنم اور دہلی میں ہوئی تو اندر کے حسن کو کئی پہلوؤں سے ہم نے دیکھا اور محسوس کیا۔

خلیل الرحمٰن اعظمی

شاعر اور ناقد تھے۔ اپنی پہچان کے نقوش کو منزل بنانے میں وہ کامیاب رہے۔ سری نگر میں کئی دن کی ملاقات کے دوران ہم نے تخلیق حسن کے واسطے کو جوہری کی طرح پرکھا اور شناخت نے پھول کو رنگین بنایا جس میں خوشبو ہی خوشبو تھی۔ ساتھ ہی کشمیر کی خوبصورتی بھی تھی۔

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

خواجہ محمد اکرام الدین

ناقد اور صحافی ہیں۔ اردو کی عظمت کے معیار اور مرتبے کو دھڑکن کا روپ دینے میں ہمہ وقت لگے رہتے ہیں۔ دہلی اور وشاکھاپٹنم کی ملاقاتوں میں جن متصفیات پر گفتگو ہوئی ان میں فلسفیانہ عناصر تو تھے ہی اردو کی بقا اور تحفظ کے لئے افلاطونی ذہن وفکر کا رخ اور پہلو بھی تھا۔

راج بہادر گوڑ

اردو کے بے لوث خدمت گزار تھے۔ حالانکہ وہ ایم بی بی ایس ڈاکٹر تھے اور راجیہ سبھا کے ممبر بھی تھے۔ کمیونسٹ پارٹی کے ترجمان ''کمیونسٹ جائزہ'' کے مدیر بھی تھے۔ لیکن اردو کے آدمی تھے۔ تنقید کی تین کتابیں انہیں دوام بخشتی ہیں۔ پٹنہ میں ہم ملے تھے۔

راشد انور راشد

اپنی شاعری میں لامتناہی گنجائشوں کی طرح ملاقات کی وسعت میں معنوی گہرائی کا خیال رکھتے ہیں۔ گفتگو کے دوران لگا کہ صدف میں روشن موتی جلوے دکھا رہا ہے۔

رضوان احمد

حسیات وتخیلات، ولولوں، امنگوں اور تجربات زندگی کو تعمیری عمل کی صورت میں افسانہ اور صحافت کا حصہ بناتے تھے۔ ہم نے زندگی کے بہت سے لمحے ایک ساتھ گذارے ہیں۔ وہ کسی کلاسیکی شعر کی طرح تھے جو موسیقیت کے رشتے سے لبریز ہوتا ہے۔

رفعت سروش

انہوں نے اپنے دہلی کے گھر میں ناشتے پر بلایا تھا۔ حقیقی شاعرانہ اور ڈرامائی کیفیت میں جذبات کی بنیادی حیثیت کی طرح وہ بامقصد وجود کا منبع نظر آئے۔

رفیق جعفر

ان سے پونہ میں ملاقات ہوئی تو اپنی تنقید کی طرح تناسب، موزونیت اور توازن کے

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

لوازمات کا انہوں نے خاص خیال رکھا۔ البتہ حسن بیان میں محبت کی چاشنی لپٹی ہوئی تھی۔

رونق نعیم

ان سے آسنسول میں ملاقات ہوئی تھی۔ ان کی شاعری میں زندگی کی ناہمواریوں اور مضحک کیفیتوں کی عکاسی ملتی ہے۔

رام لعل

پہلی ملاقات لکھنؤ میں ایک پروگرام کے دوران ہوئی تو اگلے دن اپنے گھر پر کھانے کے لئے بلا لیا۔ افسانہ اور سفرنامہ پر اتنی باتیں ہوئیں کہ میں نے ان پر اپنی نگرانی میں پی ایچ ڈی کرا دی۔ اردو افسانے کی اہم کڑی ہیں۔

ریحانہ محمد علی

اپنی زندگی اور آس پاس کی زندگی کے نشیب و فراز کا جائزہ لیکر افسانے، افسانچے، غزلیں، نظمیں اور تنقید لکھتی ہیں، مشاہیر ادب کے ازواجی خطوط کی چھان بین پہلے پہل انہوں نے ہی کی ہے۔ پٹنہ، بھاگلپور اور رانچی میں ہماری ملاقاتیں سمت نما رہی ہیں۔

زیب غوری

میرے گھر پر آئے تو شیریں سچ کا اصلی رنگ جاذبیت کا عنصر بن گیا۔ ان کی شاعری میں جدید لب و لہجے کی فنی توانائی ملتی ہے اور نئے آہنگ کا درویشانہ انہماک ملتا ہے۔

ساجدہ زیدی

ان سے دہلی میں ملاقات ہوئی تو وہ یونانی لفظ RHUTHOMOS کی طرح نظر آئیں جن کے التزام سرشار کرنے والے ہوتے تھے۔ ان کی شاعری اور ڈرامے میں زمان کی مصوری ملتی ہے جو مختلف طریقے سے قرأت کو منکشف کرتی ہے۔

ساحر شیوی

اردو کی ایک توانا آواز ہیں۔ شاعری، تنقید اور صحافت سے انہوں نے ایوان ادب میں گونج پیدا کی ہے۔ لندن میں ان کے گھر پر دو راتیں گذار چکا ہوں اور بافت کی معنویت سے ہفتہ بھر تک نئے ابعاد کو جذب کر چکا ہوں۔

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

ستیہ پال آنند

نظم کے شاعر ہیں۔وہ جیسی نفیری بجاتے ہیں اس کی سرسراہٹ سے معنی کے امکان کو وسعت ملتی ہے۔امریکہ میں رہتے ہیں۔دہلی کے ایک سیمینار میں ہم دونوں ساتھ تھے۔ایک ہی جگہ ہمارا قیام بھی تھا۔

سرور عثمانی

ان کی شاعری سے پتوں کے کھڑ کنے کی صدا آتی ہے۔استعجاب اور فجائیہ سے آئینہ بنانے کا ہنر انہیں آتا ہے۔قطعیت کے اشارے بھی ان کے یہاں ملتے ہیں۔وہ صحافی بھی ہیں۔گیا،بھاگلپور اور رانچی میں ان سے ملاقات کا سلسلہ رہا ہے۔

سلام بن رزاق

اردو افسانے میں نیا باب کھولتے ہیں جن سے لمحوں کی کڑیاں جڑتی ہیں۔دہلی میں ملاقات ہوئی تو لگا کہ ان کی شخصیت بھی قابل مطالعہ ہے۔

سلام سندیلوی

بلند قد ناقد اور تجربے سے شرابور شاعر تھے۔انہوں نے ایسے موضوعات پر لکھا ہے جدھر ناقدوں اور شاعروں کا ذہن نہیں گیا ہے۔مجھ سے دیرینہ تعلقات تھے۔عمر کے آخری پڑاؤ میں ان کی ایک ہی خواہش تھی کہ مجھ سے ملاقات ہو جائے۔آخر جب وہ ذی فراش تھے تب میں ان سے ملنے گورکھپور گیا تھا۔

سلیم شہزاد

تنقید لکھتے ہیں۔شاعری کرتے ہیں اور اصطلاحات کی ڈکشنری تیار کرنے میں مصروف رہتے ہیں۔تہہ در تہہ انکشاف کا احساس ناگپور میں ان سے گفتگو کے دوران ہوا۔

سوہن راہی

مجسم شاعر ہیں۔مجمل اور مفصل کو ملا کر خود کو علامت کی آواز بنائے رکھتے ہیں۔لندن میں ملاقات کے دوران لگا کہ وہ عام ادبی شخصیت سے ہٹ کر ہیں۔

سید احمد قادری

افسانہ نگار اور ناقد کے ساتھ صحافی بھی ہیں۔ادب کے چشمۂ صافی میں ہلکی ہلکی لہریں

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

اٹھاتے رہتے ہیں اورDetachmentسے باخبر رہتے ہیں۔سینکڑوں بار کی ملاقات میں ہم نے موجودگی کے قرب کو جانا ہے۔

سیفی سرونجی

شاعر، ناقد، سفرنامہ نگار اور صحافی ہیں، جس طرح مچھلی پانی سے ہے اور پھول رنگینی ونزاکت سے ہے اسی طرح سیفی سرونجی اردو زبان اور ادب سے اپنی پہچان رکھتے ہیں۔ دہلی اور کلکتہ میں ملاقات کے دوران میں نے انہیں اردو کی چاہت میں بے قرار دیکھا۔

شارب ردولوی

انہوں نے تنقید لکھتے وقت لمس کی یکتائی کو اظہار کا ذریعہ بنایا ہے۔ اس ارسائی اور اک میں معنی کا فنکارانہ راز ہے۔ دہلی میں ملاقات ہوئی تو ترسیل کا چاند ہمارے قبضے میں تھا۔

شارق جمال

ان سے ناگپور میں ملاقات ہوئی اور دو دن ہم ساتھ رہے تو شاعری اور عروض دانی کے علاوہ ان کی علمیت اور شخصیت کی بہت سی پرتیں سامنے آئیں۔

شان بھارتی

شاعر اور صحافی ہیں۔ مسائل حیات کا تجزیہ کرتے وقت ان کے اشعار نفیری بجاتے ہیں، لمحوں کی کڑیاں گنتے ہیں اور لفظ کو تجربہ بناتے ہیں۔ دھنباد، کولکاتا، دارجلنگ اور وشاکھا پٹنم میں ہم نے ملاقات کو دیو پیکری بنایا ہے۔

شاہد ماہلی

اپنی شاعری میں امکان کا سفاک خنجر پیوست کرنا جانتے ہیں۔ اور دل میں اتر کر جسم و جاں کو حرف شیریں بناتے ہیں۔ دہلی میں ملاقات کی گونج اسم صفت بنی ہے۔

شائستہ انجم

نوری اور ناری دونوں ہیں۔ تنقید لکھتی ہیں، کالج میں پڑھاتی ہیں لیکن گھر گرہستی سنبھالنا

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

جانتی ہیں۔ پٹنہ میں ان کے گھر پر ملاقات ہوئی تو ان کا زیادہ وقت باورچی خانہ میں گذرتا تا کہ ہم حرف ذائقہ کے حصار میں رہیں۔

شفق

ان کے افسانے اور ناول احساسات ومشاہدات کے آئینہ دار ہیں۔ رشتے کی گہرائی اور سچائی کو بیان کرتے وقت وہ حشر ساماں کیفیت سے ضرور گذرتے ہیں۔ پٹنہ میں ہم جذبات کی شدت کی دائمی حدت سے ملے تھے۔

شفیقہ فرحت

طنز سے خوش کن ہو کر بدصورتی کا شفاف عکس پیش کرتی رہیں۔ طنز ومزاح کے فنکارانہ اظہار کے ساتھ ہم ناگپور میں ملے تھے۔

شکیب ایاز

عملی زندگی کو تخلیقی زندگی سے ہم آہنگ کرنے میں کامیاب رہے۔ ان کی شاعری فکری جدت کی تابکاری رکھتی ہے۔ پٹنہ میں کتنی ہی بار ہم ملے تھے اور فطری تخلیقی بہاؤ کی سند بنے تھے۔

شمس الرحمٰن فاروقی

شاعر کم اور ناقد زیادہ ہیں۔ ان کی تنقیدی بصیرت میں اساطیری اشارے مختلف معنی دیتے ہیں کہ سیلف پورٹریٹ کی ترسیل سامنے آتی ہے۔ دہلی، پٹنہ اور بھاگلپور میں ان سے مختصر ملاقات رہی ہے۔

شمیم طارق

ان کی انفرادی ضوفشانی ان کی ہر تحریر میں ملتی ہے۔ وہ تہذیبی قدروں کے امین ہیں اور تخلیقی جواز فراہم کرتے رہتے ہیں۔ دہلی میں ملاقات کے بعد لگا کہ جو قدم ہے انہی کی راہ میں ہے۔

شمیم قاسمی

الفاظ کو گرفت میں رکھنے کا سلیقہ جانتے ہیں۔ پے در پے کیفیت کی نقاب کشائی ہمیشہ سے

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

نئے انداز سے کرتے ہیں اور لب و لہجے کو انگیخت کر کے تخلیقیت کی سحر کاری سے شاعری کا پیکر عطا کرتے ہیں اور جب افسانہ اور تنقید لکھتے ہیں تو جگر کاوی اور فکری تہہ داری کو سامنے رکھتے ہیں۔ان گنت ملاقات میں ہم نے اندرون کی تخلیقیت خیزی کو سمجھا ہے۔

شہپر رسول

فکری قوت سے شاعری کے منظر نامہ کو بہت دور تک روشن کرتے ہیں۔وہ روایت کے امین ہیں اور نئے تخلیقی رویے کو مہمیز کرتے رہتے ہیں۔دہلی میں کئی ملاقات کے دوران سادہ، پرکار اور نئی جہت سے آشنا نظر آئے۔

شہود عالم آفاقی

خلوص اور سچائی سے جتنے بھرپور تھے ان کی شاعری اور صحافت بھی اتنی ہی تراشیدہ، صحت مند اور تخلیقی قوتوں سے توانا تھی۔کولکاتا سے بھاگلپور تک ہم بہت بار انفرادی شناخت سے ملے تھے۔

شین کاف نظام

ان کی شاعری تخلیقی سرشاری سے لبریز ہے۔مجازیت و مادیت اور حیات کی ہم آہنگی سے وہ تخلیقیت خیزی کی روح تک پہنچتے ہیں۔دہلی میں ان سے ملاقات شعریاتی تہذیب کے ادراک جیسی تھی۔

صابر ارشاد عثمانی

انہوں نے تنقید لکھی ہے۔افسانے لکھے ہیں اور صحافت نگاری کرتے ہوئے اداریے کے ذریعے آئیڈیالوجی پیش کی ہے۔ان سے لندن میں اور دہلی میں ملاقاتیں رہی ہیں۔

صابر گوالیاری

ان سے اندور میں ملاقات ہوئی تو اپنی شاعری کی طرح جذبات اور تجربات کی کائنات کے تناظر میں فنکارانہ توانائی کا اظہار کرتے رہے۔

صادق

انہوں نے وقت کے پروردہ ہونے کا ثبوت دیا ہے۔بدلتے تناظر میں انہوں نے جیسی تنقید

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

لکھی ہے وہ جہانِ دیگر کا درجہ رکھتی ہے۔ تفاعل کی حامل معصومیت اور تیز رفتاری دونوں ان کے یہاں ہے۔ دہلی میں جب بھی ملاقات ہوئی نئے پن کی چمک ضرور نظر آئی۔

صفیہ صدیقی

بیانیہ اسلوب میں افسانے لکھتی ہیں۔ ان کے لہجے کے تیکھے پن میں ندرت اور توانائی امتیازی شناخت رکھتی ہے۔ لندن میں ملاقات ہوئی تو ہم اجنبی نہیں لگے۔

صلاح الدین پرویز

موضوع، مواد اور ماحول کے اعتبار سے اپنے لہجے کو نئے آہنگ سے مربوط کرنے اور تخلیقی تفاعل کو نئی جہت دینے پر قادر تھے۔ ان سے دہلی میں کئی بار ملاقات ہوئی تھی۔

صلاح الدین نیر

ان سے حیدرآباد اور وشاکھاپٹنم میں کئی بار ملاقات ہوئی ہے۔ شاعری اور نثر میں کاٹ دار آہنگ کی وجہ سے ان کی الگ پہچان ہے۔ اور صحافت میں قلم کی بے باکی کی وجہ سے نئی لغت تیار کرتے رہتے ہیں۔

ضیاء الرحمٰن غوثی

دردمند صحافی ہیں۔ بچوں کے ادب پر ان کے کام کی انفرادیت ہے۔ وہ ریت کی سرسراہٹ پر دھواں اڑانے کا ہنر جانتے ہیں۔ پٹنہ سے دہلی تک ملاقات کا ایک سلسلہ رہا ہے۔

عاصم شہنواز شبلی

شاعر، ناقد اور صحافی ہیں۔ ذہنی اور جذباتی تعلق کو کھرے پن سے نبھاتے ہیں لیکن مطالعہ

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

سے اقدار کا رشتہ استوار رکھتے ہیں۔ کولکاتا میں کئی بار مل کر ہم نے معنی کی توسیع کی ہے۔

عبدالاحد ساز

کثیر المعنی شاعر ہیں۔ آہنگ کے انکشاف سے تحریری پیکر بناتے ہیں۔ اور پُرسوز شاعری کے ذریعہ فکری تابناکی کی ندرت کاری کا احساس دلاتے ہیں۔ دہلی اور ناگپور میں ان سے ملاقات ہوئی ہے۔

عبدالغفار عزم

ان سے لندن اور دہلی میں ملاقات ہوئی تو نئی سوچ کے شاعر کی حیثیت سے تفکر کے عمق کی صورت ان میں نظر آئی۔

عبدالقوی ضیاء

ان کی کئی حیثیتیں ہیں۔ تاریخ نگاری، خاکہ نگاری، مضمون نگاری اور شاعری میں ان کے یہاں جو صداقتیں ملتی ہیں اور لفظی پیکر میں موضوع کو جس طرح وہ دلکش بناتے ہیں اس سے ان کی بصیرت و بصارت اور ذہانت و مہارت کا قائل ہونا پڑتا ہے۔ ہم لندن میں دو دن تک روم پارٹنر رہے تھے۔

عبدالمنان طرزی

اردو میں منظوم تنقید کے بانی ہیں۔ درجن بھر سے زیادہ ایسی کتابیں شاعری کو جاذبیت اور نکھار بخشتی ہیں اور شبنمی موتیوں کی آرا ستگی عطا کرتی ہیں۔ قدرت نے انہیں سیمابی دل سے نوازا ہے اور سوچ کو بے ساختگی اور جذباتی بہاؤ کی فطرت سے مالا مال کیا ہے۔ ہم دونوں کتنی بار ملے ہیں یہ گنتی ممکن نہیں ہے۔

عبدالواسع

ناقد ہیں۔ نظر کی یافت میں پرانی روش اور تائیدی شناخت کا پھیلاؤ رکھتے ہیں۔ یونیورسٹی کے کام کے سلسلے میں ہم نے کتنے ہی شہر میں شب و روز ساتھ گذارے ہیں۔ ان کے علاوہ بھی ہم دونوں ساتھ رہے ہیں۔

عتیق اللہ

ان کی تنقیدی تحریروں میں نئی اور مثبت ارتفاع ملتی ہے۔ ان کی فکر، ان کا شعور، ان کا تخیل

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

اورؔان کی سوچ ہمعصروں میں انفرادیت کی حامل ہے۔ دہلی اور پٹنہ میں جب بھی ملاقات ہوئی موضوعات کومضبوطی سے پکڑے نظر آئے۔

عثمان انجم

شاعراور صحافی ہیں۔صرف اردو کے لئے جیتے ہیں۔وشا کھا پٹنم جیسی کوردہ جگہ میں اردو کی خدمت کر کے اپنی شناخت بنائی ہے۔مشاعرے میں بھی اپنی آواز کا جادو جگاتے ہیں۔درجنوں بار ہم ملے ہیں اور جیتوں کوتربیت یافتہ بنایا ہے تا کہ اردو کی نشوونما میں برگ وبار آسکے۔

عذرا پروین

ان کی شاعری کی معنویت کے سیلِ رواں میں جہانِ نو ہے۔ ان سے دہلی میں تمام تر خوبصورتی کے ساتھ ملاقات ہوئی تھی۔

عزیز اندوری

عصری حسیت سے بھر پور شاعری کرتے ہیں اور زمینی حقیقت سے خود کی سرحد میں ملاتے ہیں۔ وجدانی تجربے ان کی اہم خصوصیت ہے۔اندور میں دودن ہم معنی ومفہوم اور خوداعتمادی سے ملتے رہے تھے۔

عزیز پریہار

شاعر ہیں اور سمندآسا جہان خلق کرتے ہیں۔ معنویت سے بھر پور زندگی کی کشمکش ان کے یہاں ملتی ہے۔ان سے دہلی میں ملاقات ہوئی تھی۔

عطا عابدی

تخلیقی اور تفکری نظام کے پروردہ ہیں۔ان کی شاعری کی دلپذیری روشن خیالی کشید کرتے میں ہے تا کہ مسائل،واقعات اور جذبات کا استعارہ سامنے آسکے۔پٹنہ اور دربھنگہ میں ہم ملتے رہے ہیں۔

علقمہ شبلی

نثر بھی لکھتے ہیں لیکن ان کی پہچان شاعر کی حیثیت سے ہے۔ ان کے یہاں حرف تشبیہ مکتوم

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

مفہوم ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اطناب آمیز تجزیاتی تجربے سے ترکیبی اعداد میں اضافہ کرتے رہتے ہیں۔ کوکاتا میں نفسی وقفہ سے ہم ملتے رہے ہیں۔ ویسے پٹنہ اور آسنسول میں بھی ہم ساتھ ساتھ تھے۔

علی احمد فاطمی

ناقد ہیں۔ مفاہیم کے تعین کے لئے ان کے پاس الفاظ ہیں۔ اسی لئے کثیر الجہت ہیں اور وسیع امکانات کا عرفان رکھتے ہیں۔ ان سے دہلی میں ملنا ہوتا رہا ہے۔

علی سردار جعفری

ان کی شاعری، تنقید، ڈراما اور افسانہ میں الفاظ کے متعلقات کا اور بیان کی تہہ نشیں وسعتوں کا ایک جہان ملتا ہے۔ ان سے دہلی میں ملاقات ہوئی تھی۔

علیم اللہ حالی

شاعر، ناقد اور صحافی ہیں۔ تہہ نشین جہتوں کو بیان اور معنی تراشی سے وسعت عطا کرتے ہیں۔ پٹنہ، گیا، بھاگلپور میں ان سے ملاقات کی بازیافت کے عمل کا تعین ہوتا رہا ہے۔

عنبر بہرائچی

ان کی شاعری میں ماضی کی بازگشت ہے، سنسکرت الفاظ کو برتنے کی ندرت ہے اور تطہیری فکری نظام کی آشنائی ہے۔ سیاق وسباق کے ساتھ دہلی میں ملاقاتیں ہوئی ہیں۔

عین رشید

اپنی تحریر میں جدید مسائل کے تناظر میں ہزار معنی کی خوبیوں سے آگاہ تھے۔ دہلی میں ہم تہذیبی لباس میں ملے تھے۔

غضنفر

اپنے ناولوں میں ذہنی کیفیتوں کو آس و یاس جذبات کی صورت میں ظاہر کرتے ہیں۔ یہ جذبات ترجمانی ہی نہیں بلکہ حکمت کی بھی آئینہ دار ہیں۔ ہم دہلی میں جمال کے باہمی تناسب سے ملے تھے۔

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

فاروق سید

صحافی اور ادیب ہیں۔ بے ساختگی اور جذباتی بہاؤ ان کی فطرت کا حصہ ہے۔ وہ چین کی تلاش میں ہمیشہ بے قرار رہتے ہیں۔ ناگپور میں ملاقات ہوئی تو خلوص اور محبت کے قدرداں نظر آئے۔

فراز حامدی

شاعر، ناقد اور صحافی ہیں۔ دوہا غزل کے موجد ہیں۔ ہمہ اوست کے فلسفے کی مثال ہیں اور چشم داشت کے سہارے تخلیق حسن سے واسطہ رکھتے ہیں۔ ساتھ ہی دل گرفتگی کی مشاطگی کرتے ہیں۔ دہلی اور علی گڑھ میں ملاقات کے دوران چمکیلی آنکھوں کو اور جاذب بنا کر ملے۔

فراغ روہوی

حساس دل کے شاعر اور صحافی ہیں۔ حساس دل کا شاعری کے ساتھ وہی تعلق ہے جو رنگینی کا پھول سے اور مٹھاس کا شکر سے ہے۔ پہچاننے اور سراہنے کی صلاحیت ان میں زیادہ ہے۔ کولکاتا اور دہلی میں ترکیب جمال کے ساتھ ہم ملتے رہے ہیں۔

فرحت احساس

اپنی شاعری میں جذباتی مد و جزر کے روح رواں نظر آتے ہیں۔ ان کے یہاں گداز کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ دہلی میں ہم ملے ہیں۔

ف س اعجاز

شاعر، صحافی، افسانہ نگار، سفرنامہ نگار، اداریہ نگار اور مترجم ہیں۔ ان کے یہاں معنوی گہرائی صدف کی طرح ہے۔ وہ خوشنمائی اور جمالیات کی ترجمانی کو فن کا مقصد ساز سمجھتے ہیں۔ فنی مہارت انہیں منفرد بناتی ہے۔ کولکاتا اور دہلی میں ہماری ملاقات اردو زبان اور ادب کی ترویج و ترقی کے لئے تھی۔

فیاض احمد وجیہہ

اقدار حیات کی تشریح و تفہیم سے منسلک ہیں۔ دربھنگہ اور دہلی میں ملاقات ہوئی تو انبساط

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

رسائی ہمارے درمیان تھی۔

قاضی مشتاق احمد

انہوں نے افسانے لکھے ہیں، تنقید اور ڈرامے بھی لکھے ہیں اور لفظی حسن آرائی سے وقت کا ساتھ دیا ہے کہ نوکِ خار سے وہ ہم کنار ہیں۔ پونہ اور دہلی میں ہماری ملاقات ہوئی ہے۔

قاضی عبدالودود

ان کی تحقیق باریکی سے اور حقیقت سے آشنا کراتی ہے۔ وہ مستند اصول کے قائل ہیں اور مجرد خیر وشر کی نفسیاتی گرفت کی تشریح میں دور دور تک اپنا مدمقابل نہیں رکھتے۔ پٹنہ میں ان سے پچاسوں بار کی ملاقات امتیازی نشانات سے بھری تھی کہ وہ روایت کے جزولاینفک تھے۔

قتیل شفائی

غمِ عشق اور غمِ روزگار کی نمائندگی کرنے والے شاعر تھے۔ وہ جدت پسند اور انقلابی تھے۔ ویسے ان کی شاعری ''سوز وساز'' سے بھری ہوئی تھی۔ دہلی میں ملاقات ہوئی تو ستمہائے زمانہ کے نقیب اور عصر حاضر کے پیغامبر کی حیثیت سے ہم ملے۔

قمر جمالی

اپنے افسانوں میں فطری اور جبلی خواہشات کی نا آسودگی کو بیان کرتی ہیں۔ وہ رشتے کی تلاش میں ارمانوں کی تصویر کشی کرتی ہیں اور فنی بصیرت اور غیر معمولی ادراک سے وسیع منظر اور پس منظر کی تشکیل کرتی ہیں۔ ان سے حیدرآباد میں ملاقات ہوئی تھی۔

قیصر شمیم

نئے معانی ومفاہیم کو برتنے والے کہنہ مشق شاعر ہیں۔ ان کی شاعری میں صورت حال کی شدت اور لطافت ملتی ہے۔ کولکاتا میں جب بھی ملاقات ہوئی زود فہم تصویر کشی کی توضیح ہمارے درمیان تھی۔

Contact for M.Phill & Ph.D Thesis Writing and Composing 0303-761-96-93

Mahar Online Composing Center Chishtian (Mahar. M. Mazhar Kathia) 03037619693

کالی داس گپتا رضا

ان سے لندن میں ملاقات ہوئی تو دو دن تک تحقیق، تنقید، عاجلانہ کیفیت، اردو کی بلا خیزی اور بعض اساتذہ کے یہاں فنی نقائص پر تبادلۂ خیال کرتے رہے۔ وہ طرز فکر کے اہم ستون تھے۔

کرشن کمار طور

اپنی شاعری میں نفسیاتی کشمکش کی عکاسی کرتے ہیں اور اپنی صحافت سے اردو کی محبت بھری الجھی ڈور کو سلجھاتے ہیں۔ وہ میرے گھر پر آ چکے ہیں۔ گفتگو کے دوران ان کی باریک بینی اور اشاریت کی ریت بھری آنکھ مچولی سے سلگتی ہوئی کیفیت کا اندازہ میں نے لگایا ہے۔

کشور ناہید

